اتوار، 17 اگست 2025
مطابق، 22 صفر المظفر 1447ھ

اردو روزنامہ

# قومی بھارت

سچ کے ساتھ

QAUMI BHARAT


## فتح پور میں مقبرے کی بے حرمتی کرنے والوں پر این ایس اے لگایا جائے: مفتی مکرم

نئی دہلی (قومی بھارت) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ اخلاص کے ساتھ شریعت پر عمل کو اپنا شیوہ بنائیں اور دنیا میں بھی سرخروئی حاصل کرنے کے لیے جائز طور پر جدو جہد کریں۔ مفتی مکرم نے جشن یوم آزادی پر برادران وطن اور ہندوستان کے 140 کروڑ عوام کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم سب کو عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے پیارے وطن ہندوستان سے سچی محبت کریں گے اور کسی بھی قیمت پر اس کی آزادی اور جمہوریت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی شان قومی یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب

**قومی یکجہتی تقریب بھارت کی شان**

> ”بھارت کی شان قومی یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب میں ہے۔ شر پسند عناصر اپنے سیاسی مفاد کیلئے اور مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے نئے نئے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں“

میں ہے۔ شر پسند عناصر اپنے سیاسی مفاد کے لیے اور مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے نئے نئے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں۔ فتح پور میں مقبرہ نواب عبدالصمد صدیوں سے ہے فرقہ پرست تنظیموں کے کچھ لیڈروں نے ضلع افسران کو ایک خط لکھا کہ 11 اگست کو مقبرہ پر پوجا کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مقبرہ




ایک مندر کی جگہ پر واقع ہے اور ہم اس مقبرہ کو برداشت نہیں کریں گے۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ ضلع انتظامیہ نے اس پر کوئی ایکشن نہیں لیا۔ وہاں پر حفاظتی اقدامات نہیں کیے۔ 11 اگست کو بڑی تعداد میں فرقہ پرست عناصر پہنچے وہاں قبروں کی بے حرمتی کی اور اپنے جھنڈے لگائے۔ پولیس تماشہ دیکھتی رہی۔ انہوں نے نعرے لگائے۔

افسوس کی بات ہے کہ ضلع انتظامیہ نے مقبرہ کی حفاظت کے لیے کوئی معقول کارروائی نہیں کی اور نہ ہی حملہ آوروں کو موقع پر گرفتار کیا نہ لاٹھی چارج کیا۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت اور فتح پور ضلع افسران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ جن لوگوں نے 11 اگست کو پوجا کرنے کا خط دفتر میں دیا تھا انہیں اور سب حملہ آوروں کو این ایس اے اور یو اے پی اے کے تحت گرفتار کیا جائے ان کے پوسٹر لگائے جائیں ان کے گھروں پر بلڈوزر چلائے جائیں تا کہ آئندہ کسی کی اس طرح کی غنڈہ گردی کی ہمت نہ ہو جو مقبرہ کو نقصان پہنچا ہے اس کی فوراً مرمت کرائی جائے اور مقبرہ کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔

روزنامہ
اخبارِ مشرق
Published from Delhi • Kolkata • Ranchi • Bhopal • Lucknow • Srinagar • Asansol • Siliguri
AKHBAR-E-MASHRIQ
دہلی، اتوار، ۱۷راگست ۲۰۲۵ء، مطابق ۲۲رصفرالمظفر ۱۴۴۷ھ

# فتح پور میں مقبرے کی بے حرمتی کرنے والوں پر این ایس اے لگایا جائے اور جلد گرفتار کیا جائے

نئی دہلی، ک 16/اگست (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ اخلاص کے ساتھ



شریعت پر عمل کو اپنا شیوہ بنائیں اور دنیا میں بھی سرخروئی حاصل کرنے کے لیے جائز طور پر جدوجہد کریں۔ مفتی مکرم نے جشن یوم آزادی پر برادران وطن اور ہندوستان کے 140 کروڑ عوام کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم سب کو عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے پیارے وطن ہندوستان سے سچی محبت کریں گے اور کسی بھی قیمت پر اس کی آزادی اور جمہوریت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی شان قومی یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب میں ہے۔ شرپسند عناصر اپنے سیاسی مفاد کے لیے اور مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے نئے نئے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں۔ فتح پور میں مقبرہ نواب عبدالصمد صدیوں سے ہے فرقہ پرست تنظیموں کے کچھ لیڈروں نے ضلع افسران کو ایک خط لکھا کہ 11 اگست کو مقبرہ پر پوجا کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مقبرہ ایک مندر کی جگہ پر واقع ہے اور ہم اس مقبرہ کو برداشت نہیں کریں گے۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ ضلع انتظامیہ نے اس پر کوئی ایکشن نہیں لیا۔ وہاں پر حفاظتی اقدامات نہیں کیے۔ 11 اگست کو بڑی تعداد میں فرقہ پرست عناصر پہنچے وہاں قبروں کی بے حرمتی کی اور اپنے جھنڈے لگائے۔ پولیس تماشہ دیکھتی رہی۔ انہوں نے نعرے لگائے۔ افسوس کی بات ہے کہ ضلع انتظامیہ نے مقبرہ کی حفاظت کے لیے کوئی معقول کارروائی نہیں کی اور نہ ہی حملہ آوروں کو موقع پر گرفتار کیا نہ لاٹھی چارج کیا۔ مفتی مکرم نے اتر پردیش حکومت اور فتح پور ضلع افسران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ جن لوگوں نے 11 اگست کو پوجا کرنے کا خط دفتر میں دیا تھا انہیں اور سب حملہ آوروں کو این ایس اے اور یو اے پی اے کے تحت گرفتار کیا جائے۔ ان کے پوسٹر لگائے جائیں ان کے گھروں پر بلڈوزر چلائے جائیں تاکہ آئندہ کسی کی اس طرح کی غنڈہ گردی کی ہمت نہ ہو جو مقبرہ کو نقصان پہنچا ہے اس کی فوراً مرمت کرائی جائے اور مقبرہ کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی۔ لکھنؤ۔ گورکھپور۔ کانپور۔ پٹنہ۔ اور حیدرآباد سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
Saturday 16 August 2025
سال:26 شمارہ نمبر:9350 21/صفر المظفر 1447ھ ہفتہ ﴿یعنی مک

# ’فتح پور میں مقبرے کی بے حرمتی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے‘

**نئی دہلی (پریس ریلیز)** شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ اخلاص کے ساتھ شریعت پر عمل کو اپنا شیوہ بنائیں اور دنیا میں بھی سرخروئی حاصل کرنے کے لیے جائز طور پر جدوجہد کریں۔ مفتی مکرم نے جشن یوم آزادی پر برادران وطن اور ہندوستان کے 140 کروڑ عوام کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم سب کو عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے پیارے وطن ہندوستان سے سچی محبت کریں گے اور کسی بھی قیمت پر اس کی آزادی اور جمہوریت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی شان قومی یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب میں ہے۔ شرپسند عناصر اپنے سیاسی مفاد کیلئے اور مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے نئے نئے فتنے پیدا کرتے رہتے ہیں۔ فتح پور میں مقبرہ نواب عبدالصمد صدیوں سے ہے



فرقہ پرست تنظیموں کے کچھ لیڈروں نے ضلع افسران کو ایک خط لکھا کہ 11 اگست کو مقبرہ پر پوجا کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مقبرہ ایک مندر کی جگہ پر واقع ہے اور ہم اس مقبرہ کو برداشت نہیں کریں گے۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ ضلع انتظامیہ نے اس پر کوئی ایکشن نہیں لیا۔ وہاں پر حفاظتی اقدامات نہیں کیے۔ 11 اگست کو بڑی تعداد میں فرقہ پرست عناصر پہنچے وہاں قبروں کی بے حرمتی کی اور اپنے جھنڈے لگائے۔ پولیس تماشہ دیکھتی رہی۔ افسوس کی بات ہے کہ ضلع انتظامیہ نے مقبرہ کی حفاظت کے لیے کوئی معقول کارروائی نہیں کی اور نہ ہی حملہ آوروں کو موقع پر گرفتار کیا نہ لاٹھی چارج کیا۔ مفتی مکرم نے اترپردیش حکومت اور فتح پور ضلع افسران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ جن لوگوں نے 11 اگست کو پوجا کرنے کا خط دفتر میں دیا تھا انہیں اور سب حملہ آوروں کو این ایس اے اور یو اے پی اے کے تحت گرفتار کیا جائے۔